# SUI _______ GAS _______ LIMITED

## گھریلو استعمال کے لیے معاہدہ برائے فراہمیِ گیس (آر ایل این جی)

(اس معاہدے کے تناظر میں، آر ایل این جی (RLNG) سے مراد وہ قدرتی گیس ہے جو مائع قدرتی گیس ایل این جی (LNG) کی گیسیفیکیشن کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ کمپنی گھریلو صارفین کو آر ایل این جی (RLNG) یا اس کے متبادل قدرتی گیس فراہم کرے گی بشرطیہ کہ یہ دستیاب ہوں یہ فراہمی ایک محفوظ شدہ انتظام (Ring-Fenced Arrangment) کے تحت ہوگی۔ وضاحت کے لیے یہ امر بیان کیا جاتا ہے کہ چونکہ آر ایل این جی (RLNG) کو سوئی کمپنیوں کے نظام میں شامل کرنے کے بعد یہ مختلف ذرائع سے آنے والی قدرتی گیس کے ساتھ ملا دی جائے گی، لہاظہ یہ دیگر گیس سے ظاہری طور پر ممیز (Distinguishable) نہ ہوگی)۔

اس معاہدے کے ذریعے جو کہ سوئی ________ گیس ________ لمیٹڈ (جسے بعدازاں "کمپنی" کہا جائے گا) اور صارف (پورا نام تفصیل اور ڈاک کا پتہ جہاں گیس کے بل بھیجے جائیں گے) کے مابین طے پایا ہے۔

نام (واضح الفاظ میں): ________________________________

شناختی کارڈ نمبر: ________________________________

گھر نمبر: ________________________

گلی/بلاک: ________________________

علاقہ: ________________________

شہر/قصبہ: ________________________

پوسٹل کوڈ: ________________________

ٹیلی فون نمبر: (رہائشی) ____________ (دفتر) ____________ (موبائل) ____________

(جسے بعدازاں صارف کہاں جائے گا) صارف اس بات پر رضامند ہے کہ وہ کمپنی سے آر ایل این جی (RLNG) خریدے گا اور کمپنی اس بات پر متفق ہے کہ وہ صارف کو درج ذیل مقام پر آر ایل این جی (RLNG) فراہم کرے گی:۔

(مکمل پتہ اور جگہ کی تفصیل) ________________________________

یہ فراہمی صرف اور صرف مذکورہ بالا مکان/جگہ پر گھریلو استعمال کے لیے ہوگی۔ اور یہ معاہدہ درج ذیل شرائط وضوابط کے تابع ہوگا۔

### شرائط وضوابط:

1:(I)

جیسے ہی صارف اس معاہدے پر دستخط کرے گا، صارف کمپنی کو مقررہ نرخوں کے مطابق مذکورہ مقام پر آر ایل این جی (RLNG) کی فراہمی کے لیے درکار سہولتوں کی مد میں درج ذیل مقرر شدہ رقم فوری طور پر ادا کرے گا:

الف -سیکیورٹی ڈپازٹ ( قابل واپسی )

آرایل این جی (RLNG) کے نئے گھریلو صارفین کے لئے سیکورٹی ڈپازٹ کم از کم 20,000 ہزارروپے طے کیا گیا ہے۔تاہم،سیکیورٹی ڈپازٹ کی اضافی وصولی صارف کے سالانہ اوسط استعمال کے اندازے اور آرایل این جی (RLNG) کی قیمت یا کسی بھی ایسے دیگر طریقہ کار کی بنیاد پر جو مجاز اتھارٹی وقتاً فوقتاً نوٹیفائی کرے گی،نظر ثانی کے تابع ہوگی۔

ب-سروس لائن چارجز ( نا قابل واپسی )

☆ 1500 سوروپے ایسے پلاٹ کے لیے جو 10 مرلے یا 300 مربع گز تک کے رقبے پر مشتمل ہو

☆ 3000 ہزارروپے ایسے پلاٹ کے لیے جو 10 مرلہ یا 300 مربع گز سے زائد رقبے پر مشتمل ہو

(II) مندرجہ بالا چارجز وقتاً فوقتاً آئیل اور گیس ریگولیٹری اتھارٹی (OGRA) کی پیشگی منظوری سے نظر ثانی کے تابع ہوں گے، جو کہ آئیل و گیس ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس 2002 کے تحت قائم ہے۔

(III) کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً سیکیورٹی ڈپازٹ کو اپنی ضروریات کے مطابق استعمال کر سکتی ہے۔تاہم صارف کے گیس کنکشن کی تنسیخ کے بعد، یہ ڈپازٹ اس معاہدے کی شرائط وضوابط کے مطابق صارف کو واپس کر دیا جائے گا۔

## 2۔قیمت(PRICE)

مندرجہ ذیل دفعات کے تابع ،صارف کمپنی کی طرف سے فراہم کردہ تمام گیس (RLNG) کے عوض وہ موجودہ نرخ ادا کرے گا جو اوگرا (OGRA) کی جانب سے نوٹیفائی کئے جائیں گے۔

اگر اوگرا (OGRA) یا کوئی دوسری اتھارٹی آرایل این جی (RLNG) کی قیمت عارضی بنیادوں پر مقرر کرے، یا پہلے سے متعین شدہ/نوٹیفائی شدہ قیمت میں سابقہ تاریخ سے ترمیم کرے،تو قیمت میں پیدا شدہ فرق (Price Differential) کمپنی بعد کے بلنگ ادوار میں وصول یا ایڈجسٹ کرنے کی مجاز ہوگی اور صارف اس قیمت کے فرق (Price Differential) کی ادائیگی کا پابند ہوگا جب بھی یہ بل میں شامل کیا جائے۔

مندرجہ بالا کے باوجود، اگر کسی بلنگ مہینے میں صارف کی کھپت اُس مقررہ حد سے کم ہو جو کم از کم چارجز (Minimum Charges) کے برابر ہے تو صارف اوگرا (OGRA) کی جانب سے وقتاً فوقتاً نوٹیفائی شدہ کم از کم چارجز کی ادائیگی کا بھی پابند ہوگا۔

## 3۔میٹر کرایہ (Meter Rent)

صارف کمپنی کو میٹر کا کرایہ بھی ادا کرے گا جو فی الوقت روپے ________ ماہانہ کی شرح سے مقرر ہے، اور یہ کرایہ اس تاریخ سے لاگو ہوگا جس دن میٹر نصب کیا جائے گا تاوقتیکہ وہ منقطع کر دیا جائے بشرطیکہ اگر گیس (RLNG) کی کھپت کی مقدار ایسے میٹر کی تبدیلی کا تقاضا کرے جو کسی اور سائز کا ہو، تو صارف اُس نئے میٹر کا کرایہ ادا کرے گا جو کمپنی کی طرف سے مقرر اور (OGRA) سے منظور شدہ ہو۔

میٹر کے کرایہ میں وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی جاسکتی ہے، تاہم نظر ثانی اوگرا (OGRA) کی پیشگی منظوری سے مشروط ہوگی۔

## 4۔دیگر چارجز (OTHER CHARGES)

(i) آرایل این جی (RLNG) کی قیمت، میٹر کرایہ اور سیکیورٹی ڈپازٹ کے علاوہ، صارف حکومت اور اوگرا (OGRA) کی جانب سے عائد

کردہ یا نافذ کردہ تمام ٹیکسز یا چارجز کی ادائیگی بھی کمپنی کو کرے گا۔

(ii) میٹر کے بعد اندرونی پائپنگ / ہاوس لائن اور گیس تنصیبات کی مرمت اور دیکھ بھال کی پوری اور واحد ذمہ داری صارف پر ہوگی۔ صارف اس مقصد کے لیے صرف اُن کنٹریکٹرز / افراد کی خدمات حاصل کرے گا جو اس مقصد کے لیے کمپنی سے لائسنس یافتہ ہوں، تاہم، صارف کمپنی سے بھی درخواست کر سکتا ہے کہ وہ مقررہ چارجز، جو کمپنی وقتاً فوقتاً مقرر کرے گی، کی ادائیگی پر اندرونی پائپنگ / ہاوس لائن کی سروس فراہم کرے۔ اس صورت میں کمپنی یہ سہولت افرادی قوت اور درکار مواد کی دستیابی کے مطابق فراہم کرے گی۔

## 5۔ گیس میٹر اور کمپنی کی دیگر ملکیت (GAS METER AND OTHER COMPANY PROPERTY)

(i) گیس مین (Gas Main) سے لے کر پراپرٹی لائن تک تمام پائپ اور فٹنگز کمپنی فراہم کرے گی اور یہ کمپنی کی ملکیت رہیں گی۔ پراپرٹی لائن پر اور اس کے اندر موجود تمام پائپ اور فٹنگز صارف کے خرچ پر فراہم اور نصب کیے جائیں گے اور ایسی پائپنگ یا فٹنگز سے گیس کے اخراج (Leakage) یا ان کی مرمت کی ذمہ داری کمپنی پر عائد نہیں ہوگی۔ کمپنی مین کاک (Main Cock)، سروس ریگولیٹر، میٹر کا ان لیٹ پائپ اور کمپنی سے کرائے پر لیا گیا میٹر بلا قیمت نصب کرے گی اور ان کی مرمت و دیکھ بھال (بغیر کسی چارجز کے) بھی کمپنی کی ذمہ داری ہوگی۔

(ii) کمپنی کا میٹر، میٹر کا رجسٹرنگ انڈیکس (Meter Registering Index)، EVC (جہاں نصب ہو) پریشر ریگولیٹر / ریگولیٹرز Regulator(s)، پریشر ریکارڈنگ گیج (Pressure Recording Guage) اور میٹر بائی پاس والوز (Meter Bypass Valves) کمپنی کے مجاز نمائندے کی جانب سے کمپنی کی مجاز مہر کے ذریعے سیل کیے جائیں گے، اور یہ عمل صارف یا اس کے مجاز نمائندے کی موجودگی میں ہوگا۔ اس کے بعد صارف اس امر کا ذمہ دار ہوگا کہ کمپنی کا میٹر / ای وی سی EVC اور دیگر تنصیبات کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ ہو، اگر کسی قسم کی چھیڑ چھاڑ پائی گئی تو اس کی تمام تر ذمہ داری صارف پر ہوگی۔ کمپنی کا مجاز نمائندہ میٹر کو صارف یا اس کے نمائندہ کی موجودگی میں چیک کرے گا اور معائنے کے بعد میٹر کی حالت اور انڈیکس نمبر کو ریکارڈ کرے گا۔

(iii) قدرتی آفات کی وجہ سے ہونے والے نقصان کے علاوہ، صارف اس بات کی حتی الامکان کوشش کرے گا کہ اس معاہدے کی مدت کے دوران میٹر، سروس ریگولیٹر، مین کاک والوز اور میٹر کے ان لیٹ پائپ کو چوری، ضیاع یا نقصان وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کرے۔ کیونکہ یہ تمام آلات صارف کی جگہ پر آر ایل این جی (RLNG) کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے نصب کیے جاتے ہیں۔

## 6۔ ہاوس لائن کی تنصیب، ترمیم اور تبدیلی (HOUSLINE INSTALLATION, MODIFICATION AND ALTERATION)

(i) گیس میٹر کے بعد تمام پائپ اور فٹنگز کو اندرونی پائپنگ / " ہاوس لائن " کہا جائے گا۔ یہ صارف کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اندرونی پائپنگ / ہاوس لائن اور اس میں کسی بھی قسم کی ترمیم یا تبدیلی کو اپنی تسلی کے لیے محفوظ آپریشن کے تحت ٹیسٹ کروائے۔ صارف اس بات پر متفق ہے کہ ہاوس لائن کی تنصیب اور ٹیسٹنگ کمپنی کے لائسنس یافتہ کنٹریکٹر / فرد (یا کمپنی کے نمائندے) کے ذریعے کمپنی کی منظور شدہ لے آوٹ پلان کے مطابق کروائے گا اور یہ عمل صارف کی جگہ پر گیس کنکشن فراہم کیے جانے سے پہلے مکمل کروائے گا۔

(ii) کمپنی صارف کی جگہ پر آر ایل این جی (RLNG) فراہم کرنے سے پہلے:

(الف) تنصیب کا معائنہ کرے گی تا کہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ محفوظ آر ایل این جی (RLNG) فراہمی کے لیے معیاری کاریگری کے تقاضے پورے کرتی ہے؛ اور

(ب) تنصیب میں لیکج کی جانچ مجاز اتھارٹی کی جانب سے وضع کردہ تکنیکی معیارات کے مطابق کرے گی۔

(iii) کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ معقول اوقات میں صارف کی ہاوس لائن کا معائنہ کرے تا کہ درست دیکھ بھال اور حفاظتی معیارات پر عمل درآمد کی تصدیق کی جاسکے۔

(iv) یہ صارف کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ توانائی کے تحفظ کے لیے تمام موجودہ اور نئے نصب شدہ گیس گیزرز میں کونیکل بیفل آلات نصب کرے۔ کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ صارف کی جگہ کا معائنہ کرے تا کہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ تمام نصب شدہ گیزرز میں کونیکل بیفل درست طور پر موجود ہے۔ اگر کسی گیزر میں کونیکل بیفل نصب نہ پایا گیا تو کمپنی بذاتِ خود کونیکل بیفل نصب کرے گی اور اس کی لاگت اوگرا (OGRA) کی منظور شدہ قیمت کے مطابق صارف کے گیس بل میں شامل کردی جائے گی، جو بارہ مساوی ماہانہ اقساط میں وصول کی جائے گی۔

## 7۔ میٹر کی تنصیب (METER INSTALLATION)

گیس میٹر عموماً کمپنی کی جانب سے صارف کی پراپرٹی کی حدود/ مشترکہ راستے پر ایسے موزوں مقام پر نصب کیا جائے گا جس کا تعین کمپنی صارف سے مشاورت کے بعد کرے گی۔

اگر کسی وقت یہ ثابت ہوجائے کہ وہ پراپرٹی کی حددو، جہاں میٹر نصب ہے، صارف کی ملکیت نہیں ہے یا اس پراپرٹی کے مالک کو میٹر کی تنصیب پر اعتراض ہو، تو کمپنی صارف کو پیشگی اطلاع دے کر میٹر ہٹادے گی اور گیس کی فراہمی منقطع کردے گی تاوقتیکہ صارف متبادل جگہ فراہم کرے جہاں میٹر نصب کیا جاسکے، اور اس کا تمام تر خرچ صارف کے ذمے ہوگا۔

اگر کسی قسم کی کوئی رکاوٹ موجود ہو، تو صارف کی طرف سے متعلقہ جائیداد کے مالک کا این او سی (NOC) فراہم کیے جانے کی صورت میں، کمپنی میٹر کو کسی اور شخص کی جائیداد کی حد پر نصب کرسکتی ہے۔

## 8۔ مزید کنکشنز (FURTHER CONNECTIONS)

کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ریگولیٹر کے آوٹ لیٹ سے، جو صارف کی مذکورہ جگہ کو گیس فراہم کرنے کے لیے نصب کیا گیا ہے، دیگر افراد یا احاطوں کو مزید کنکشن فراہم کرے، تاہم اس مقصد کے لیے پائپوں اور فٹنگز میں کسی قسم کی ترمیم یا اضافہ درکار ہو تو اس کی لاگت کمپنی برداشت کرے گی۔

## 9۔ میٹر کا معائنہ (METER INSPECTION)

کمپنی کی پائپ لائن سے میٹر کو صرف کمپنی کے مجاز عملے کے ذریعے ہی منسلک یا منقطع کیا جاسکے گا۔

میٹر کا وقتاً فوقتاً معائنہ کیا جائے گا۔ کمپنی کا مجاز نمائندہ/ نمائندے معقول اوقات میں بغیر کسی رکاوٹ کے میٹر یا دیگر فٹنگز / آلات کا معائنہ، ایڈجسٹمنٹ یا تبادلہ کرسکیں گے۔

## 10۔ میٹر رجسٹر (METER REGISTER)

(i) صارف کی جانب سے استعمال شدہ آر ایل این جی (RLNG) کی مقدار کو کمپنی کی جانب سے نصب کردہ درست میٹر کے ذریعے ناپا جائے گا۔ اُس مقدار کو کیوبک فٹ یا کیوبک میٹر کے پیمانے پر ناپا جائے گا، جسے گراس کیلور یفک ویلیو (Gross Calorific Value) کے اطلاق کے ذریعے برٹش تھرمل یونٹس (BTUs) میں تبدیل کیا جائے گا۔ یہ ویلیو مناسب مقام پر مناسب آلات سے درستگی کے ساتھ ناپی جائے گی اور صارف کو فراہم کردہ اصل BTUs کی بنیاد پر بل جاری کیا جائے گا۔

(ii) کمپنی کے زیر انتظام رکھا گیا میٹر کا رجسٹر صارف کی کھپت شدہ آر ایل این جی (RLNG) کی مقدار کا بادی النظر میں ثبوت ہوگا۔ تاہم اگر میٹر کی درستگی پر اعتراض کیا جائے اور میٹر کا باضابطہ معائنہ کر کے یہ ثابت ہو کہ اس نے غلط اندراج کیا ہے۔ تو ایسی صورت میں اگر عدم درستگی کی مدت معلوم یا قابل تعین نہ ہو تو اسے گزشتہ 60 دنوں کے لیے اسی حد تک غلط اندراج شدہ سمجھا جائے گا۔ اس طرح ایڈجسٹمنٹ کی مدت دونوں صورتوں میں 60 دن سے زیادہ نہ ہو گی۔

یہ شق اس صورت میں قابل اطلاق نہ ہوگی جب صارف براہ راست یا بالواسطہ طور پر میٹر کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کا ذمہ دار پایا جائے۔ کمپنی کسی بھی ایسی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں صارف کو کوئی رقم ادا کرنے کی ذمہ دار نہ ہوگی اور یہ ایڈجسٹمنٹ صارف کے موجودہ یا آئندہ بلوں میں مناسب طریقے سے کی جائے گی۔

(iii) اگر میٹر، کسی بھی وجہ سے، فراہم کردہ آر ایل این جی (RLNG) کی مقدار کو باقاعدگی سے درج کرنے میں ناکام ہو جائے یا درج کرنا بند کر دے، تو اس مدت کے دوران جب میٹر خراب رہا یا 12 ماہ کی مدت، جو بھی کم ہو، میں درج ذیل طریقے سے حساب کیا جائے گا:

(الف) گزشتہ سال کی متعلقہ مدت کے اصل بل کی بنیاد پر؛ یا

(ب) اگر ایسا ریکارڈ دستیاب نہ ہو تو پچھلے یا آئندہ دو (2) مہینوں کی کھپت کے بل کی بنیاد پر، جو بھی زیادہ ہو۔

## 11۔ پیمائش کا معیار (MEASUREMENT STANDARD)

آر ایل این جی (RLNG) ایسے دباؤ (Pressure) پر فراہم کی جائے گی جو فضا کے دباؤ (Atmospheric Pressure) پر پانی کے آٹھ (8) انچ کے ستون سے زیادہ نہ ہو۔ آر ایل این جی کا حجم (Volume) میٹر پر کیوبک فٹ یا کیوبک میٹر میں درج ہوگا جسے توانائی کی اکائیوں یعنی ملین برٹش تھرمل یونٹس (MMBTU) میں تبدیل کیا جائے گا۔ یہ تبدیلی فی کیوبک فٹ اوسط بی ٹی یو (BTU) کی بنیاد پر ہوگی جو کیلوریمیٹرز (Calorimeters) اور/یا گیس کرومیٹوگرافز (Gas Chromatographs) کے ذریعے اس مخصوص شہر/قصبہ، گاؤں یا علاقے کے لیے ناپا جائے گا جہاں صارف موجود ہو۔ یہ پیمائش 14.65 پاؤنڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ (Absolute Pressure) اور 60 ڈگری فارن ہائیٹ درجہ حرارت پر کی جائے گی۔

## 12۔ بلنگ (BILLING)

(i) گیس کے بل ماہانہ بنیادوں پر فراہم کیے جائیں گے۔ گیس استعمال کے بل مطالبے پر واجب الادا ہوں گے خواہ کوئی ڈپازٹ موجود ہو یا نہ ہو۔ گیس کے بل اجراء کی تاریخ سے 15 دن کے اندر (جس میں بل اجراء کی تاریخ اور مقررہ آخری تاریخ دونوں شامل ہیں) واجب الادا ہوں گے۔ بصورتِ عدم ادائیگی، موجودہ ماہ کے بل کی رقم پر 10 فیصد کے مساوی سرچارج اصل بل کی رقم کے علاوہ ادا کرنا ہوگا۔ اگر بل فراہم کیے جانے اور ادا کرنے کے بعد کمپنی کو کسی بھی وجہ سے بل میں کسی غلطی، کوتاہی یا تضاد کا علم ہو جائے، تو کمپنی صارف کو اس تضاد/غلطی کے بابت آگاہ کر کے درست بل جاری کرنے کی مجاز ہو

گی، جسے صارف اِس بل کے اجراء کی تاریخ سے 15 دن کے اندر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
(ii) اگر صارف کو بل میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ وصولی کے فوراً بعد کمپنی کو اس کی دُرستی کے لیے مطلع کرے گا۔ بل میں کسی بھی غلطی کی موجودگی صارف کو بل کی بروقت ادائیگی روکنے کا حق نہیں دے گی اور ضرورت پڑنے پر ایڈجسٹمنٹ آئندہ بلوں میں کر دی جائے گی۔ اسی طرح، اگر کمپنی صارف کو بھیجے گئے بل میں غلطی کو از خود دریافت کر لے، تو کمپنی، غلطی دریافت ہونے پر، درست بل جاری کرنے کی مجاز ہوگی اور صارف اس کی ادائیگی کا پابند ہوگا: بشرطیکہ چھ (6) ماہ کی متعلقہ مدت گزر جانے کے بعد کسی بھی فریق کو بل کی دُرستی یا ایڈجسٹمنٹ کا دعویٰ کرنے کا حق حاصل نہ ہوگا۔
(iii) اگر کسی وجہ سے میٹر کی ریڈنگ نہ لی جا سکے تو کمپنی عبوری بل (Provisional Bill) جاری کرے گی جو گزشتہ سال کے متعلقہ مدت کے استعمال کی بنیاد پر ہوگا، اور اگر وہ ریکارڈ دستیاب نہ ہو تو، گھریلو صارفین کو بل موسمی اوسط (Seasonal Average) کی بنیاد پر ہوگا یا کوئی اور معقول بنیاد، جسے کمپنی مناسب سمجھے، اور صارف اس بل کی ادائیگی اپنی مقررہ تاریخ کے اندر کرنے کا پابند ہوگا۔ کمپنی اگلی بلنگ مدت میں، تخمینہ شدہ کھپت کو اصل ریڈنگ کے ساتھ ایڈجسٹ کرے گی اور فرق کے مطابق بل جاری کرے گی۔ صارف ہر بل کی ادائیگی مقررہ تاریخ کے اندر کرے گا۔ تاہم تخمینہ شدہ کھپت دو (02) ماہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔

## 13۔ ادائیگی (PAYMENT)

(i) آر ایل این جی (RLNG) کے استعمال اور/یا دیگر واجبات سے متعلق تمام بل اجراء کی تاریخ سے پندرہ (15) دن کے اندر ادا کئے جائیں گے (جس میں بل کے اجراء کی تاریخ اور "مقررہ تاریخ" دونوں شامل ہیں)۔ یہ "مقررہ تاریخ" بل پر واضح طور پر درج ہوگی۔
(ii) ادائیگی کی ذمہ داری مکمل طور پر صارف پر عائد ہوگی۔ اگر گیس سپلائی کے آغاز (کمیشننگ) کے نوے (90) دن کے اندر صارف کو پہلا بل موصول نہ ہو، یا اس کے بعد کسی بھی بل کی ادائیگی کی "مقررہ تاریخ" سے پچیس (25) دن کے اندر اگلا بل موصول نہ ہو، تو صارف کمپنی سے رابطہ کر کے اپنے واجبات کی تفصیل معلوم کرے گا اور متبادل بل حاصل کرے گا۔ اگر صارف مقررہ تاریخ تک بل ادا کرنے میں ناکام رہے تو کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اس معاہدے کو ختم کر دے، گیس کی سپلائی منقطع کر دے اور مناسب نوٹس دینے کے بعد گیس کا میٹر اور دیگر آلات اُتار لے۔ اس ضمن میں بل پر نمایاں طور پر چھپا ہوا نوٹس اس مقصد کے لیے کافی تصور کیا جائے گا۔ کمپنی کی طرف سے صارف کو رجسٹرڈ پتے پر واجبات کی ادائیگی کی اطلاع بذریعہ عام ڈاک بھیجا گیا یا دستی طریقے سے وصول کرایا گیا بل/نوٹس موصول اور کافی شمار ہوگا۔
(iii) ادائیگی مقررہ تاریخ تک لازمی طور پر نقد یا بینک پے آرڈر یا کمپنی کے مجاز کردہ کسی اور طریقہ ادائیگی کے ذریعے "سوئی ______ گیس ______ لمیٹڈ" کے حق میں کمپنی کے مجاز بینک یا کسی اور مجاز وصول کنندہ کو کی جائے گی۔ چیک کے ذریعہ کی گئی ادائیگی اُس وقت تک وصول شدہ تصور نہیں کی جائے گی جب تک وہ کلیئر نہ ہو جائے۔ اگر کمپنی کے حق میں بنک میں جمع کرایا گیا چیک جمع کرانے کی تاریخ سے سات (7) دن کے اندر کلیئر نہ ہوا تو گیس کی سپلائی منقطع اور معاہدہ ہذا ختم کرنے کا اختیار کمپنی کو حاصل ہوگا۔
(iv) ادائیگی مقررہ تاریخ تک یا (اُس سے) پہلے لازمی طور پر کی جائے گی، بصورت دیگر تحریری طور پر پیشگی نوٹس دینے کے بعد کمپنی کو گیس کی سپلائی منقطع کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ بل پر نمایاں طور پر چھپا ہوا نوٹس اس مقصد کے لیے کافی تصور ہوگا۔ قطع نظر اس کے کہ گیس سپلائی منقطع یا معاہدہ ہذا ختم کر دیا گیا، صارف کمپنی کو منقطع ہونے کی تاریخ تک کے تمام بقایا جات بمعہ لیٹ پیمنٹ سرچارج LPS (جیسا کہ شق نمبر 12 (i) میں بیان ہوا ہے) ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
(v) صارف اس امر کی تصدیق کرتا ہے کہ جس مقام پر گیس کنکشن فراہم کیا جا رہا ہے وہاں پچھلے کسی کنکشن کو عدم ادائیگی کی وجہ سے منقطع نہیں کیا گیا۔ اگر

اس کے برعکس صورت حال پائی گئی تو صارف تمام بقایا جات/واجبات کمپنی کو اُسی طرح مطالبے پر ادا کرنے کا پابند ہوگا جیسے کہ وہ اس کے اپنے ذمہ واجب الادا ہوں۔تاہم یہ شق اُن سرکاری محکموں/اداروں کے زیر انتظام یا مختص کردہ جگہوں پر لاگو نہ ہوگی جہاں کمپنی بقایا جات براہ راست پچھلے صارف، اُس کے متعلقہ محکمے یا اسٹیٹ مینجمنٹ آفس سے وصول کرے گی۔

## 14۔غیر مجاز کنکشن (UNAUTHORIZED CONNECTION)

صارف اپنے احاطے میں یا وہاں سے کسی بھی دوسرے غیر مجاز ذریعہ سے کنکشن حاصل نہیں کرے گا اور نہ ہی اسے آگے فراہم کرے گا۔

## 15۔کمپنی کا حق برائے کمی یا تعطلِ فراہمی (COMPANY'S RIGHT TO REDUCE OR INTERRUPT SUPPLIES)

(i) چونکہ ایل این جی (LNG) کی رسد، اس کا ٹرمینل/ٹرمینلز پر دوبارہ گیس میں تبدیلی (Regasification)، اور پھر اسے طویل فاصلے تک پہنچانے اور منتقل کرنے کا عمل حادثات، تعطل یا خرابیوں کا شکار ہوسکتا ہے، اور پائپ لائنز اور آلات کسی بھی وقت فنی خرابی، ٹوٹ پھوٹ، جم جانے یا بند ہو جانے کے خطرے سے دوچار ہو سکتے ہیں، جنہیں معمول کی احتیاط یا اخراجات کے ذریعے پیشگی روکا یا قابو نہیں پایا جا سکتا، اور چونکہ گیس کی فراہمی اور گیس منتقل/پہنچانے کی سہولیات محدود ہیں، لہٰذا کمپنی معاہدہ ہذا کے تحت صارف کو گیس کی فراہمی مکمل اور بلا تعطل کرنے کی پابند نہ ہے، بلکہ اتنی مدت اور مقدار کے لیے فراہم کرنے کی پابند ہے جتنی فراہمی معقول طور پر ممکن ہو اور صارف اس امر پر صراحتاً متفق ہے کہ کمپنی کسی بھی نقصان، ہرجانے یا چوٹ کی ذمہ دار نہ ہوگی جو ان عوامل کے نتیجے میں بلاواسطہ یا بالواسطہ پیش آئیں، جیسا کہ مزدوروں کی ہڑتال، تالہ بندی، فسادات، شہری بدامنی، دشمنی، جنگ، وبائیں، آفات، قدرتی سانحات یا کوئی اور ایسی وجوہات جو کمپنی کے معقول دائرہ اختیار سے باہر ہوں۔

(ii) کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی پائپ لائنز، آلات یا ڈیوائسز میں ضروری توسیع، مرمت اور/یا تبدیلی کے کام یا مشترکہ ہاوس لائن میں کسی ترمیم کے لیے قلیل مدت کے لیے صارف کے احاطے میں گیس کی فراہمی بند یا معطل کر سکے۔

## 16۔معاوضہ وتلافی (INDEMNIFICATION)

صارف، قدرتی گیس کی آتش گیر نوعیت سے واقف ہونے کے ناطے، اس کے استعمال اور گیس تنصیبات کی دیکھ بھال میں تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرے گا اور اپنی جگہ پر کسی بھی ممکنہ لیکیج کے نتیجے میں گیس کے جمع ہونے سے بچنے کے لیے مناسب نکاسئی ہوا کا انتظام کرے گا۔صارف کسی بھی نقصان، ہرجانے، چوٹ یا حادثے کا جو براہِ راست یا بالواسطہ اور کسی بھی وجہ سے گیس یا گیس تنصیبات سے ہو، مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا۔

صارف اس امر پر متفق ہے کہ وہ کمپنی کو اس نوعیت کے تمام نقصانات، چوٹ، حادثات وغیرہ کے دعووں اور مطالبات سے محفوظ رکھے گا اور کمپنی کو اس کے خلاف کسی بھی قسم کے نقصانات، ہرجانے حادثات یا دعووں سے بری الذمہ کرے گا۔مزید یہ کہ صارف کمپنی کے ان تمام اخراجات، نقصانات اور ہرجانوں کی تلافی کرے گا جو کمپنی کو صارف، یا صارف کے کسی ملازم، افسر، ایجنٹ، نمائندہ، ٹھیکیدار یا مدعو کی کسی کاروائی یا کوتاہی کے باعث برداشت کرنا پڑیں، اور کمپنی کی طرف سے اٹھائے گئے کسی بھی اخراجات کو کمپنی کو واپس ادا کرے گا۔

## 17۔معاہدے پر دستخط (SIGNING OF CONTRACT)

یہ معاہدہ کمپنی کے مجاز افسر کی منظوری اور دستخط کے بغیر نہ تو قابلِ عمل ہوگا ورنہ ہی نافذ العمل تصور کیا جائے گا، اور کسی بھی ایجنٹ یا ملازم کی جانب سے اس معاہدے کے حصول کے دوران یا کسی اور صورت میں کیا گیا کوئی وعدہ، معاہدہ یا نمائندگی کمپنی کے لیے تسلیم شدہ یا واجب العمل نہ ہوگی اور نہ ہی یہ معاہدے کا حصہ تصور کی جائے گی بشرطیکہ اسے معاہدہ ہذا میں شامل کر دیا گیا ہو۔

## 18۔معاہدے کی خلاف ورزی پر معاہدے کی منسوخی (CONTRACT TERMINATION ON VIOLATION OF TERMS OF THE CONTRACT)

(I) کمپنی کو حق حاصل ہے کہ وہ درج ذیل وجوہات میں سے کسی بھی وجہ کی بنا پر کسی بھی وقت معاہدے کو منسوخ کر سکتی ہے:

(i) صارف کی غفلت یا کوتاہی کی بنا پر کسی بھی ماہ کے گیس سپلائی کے بل یا کمپنی کے واجب الادہ اور دیگر واجبات مقررہ مدت میں، جیسا کہ شق 12 میں درج ہے، ادا نہ کرے؛

(ii) اوگرا (OGRA)، میونسپل حکام، امپرومنٹ ٹرسٹ، مقامی اداروں یا کسی بھی سرکاری اتھارٹی کی کاروائی، یا کسی بھی فریق کی جانب سے کمپنی کے خلاف قانونی کاروائی جو معاہدہ ہذا کی رو سے کمپنی کے گیس فراہم کرنے یا واجبات وصول کرنے کے حق میں رکاوٹ ڈالے؛

(iii) صارف کی جانب سے کمپنی کی تحریری اجازت کے بغیر اپنے میٹر کے ذریعے گیس کو کسی دوسرے مقصد کے لیے جو معاہدہ ہذا میں درج بالا نہ ہو یا کسی دوسرے فریق کے لیے حاصل کرنے کی کوشش؛

(iv) صارف کی جانب سے اس امر کی کوشش کہ وہ میٹر کے اندراج سے زیادہ گیس حاصل کرے یا کمپنی کی طرف سے ریگولیٹر پر مقرر کردہ پریشر سے زیادہ پریشر پر گیس حاصل کرے، یا صارف کی جانب سے میٹر یا ریگولیٹر کے ساتھ ایسی چھیڑ چھاڑ جو اُن کی درست کارکردگی یا اندراج میں رکاوٹ ڈالے؛

(v) اس معاہدے کی کسی بھی شرط یا ضابطے کی خلاف ورزی یا اس پر عدم عملدرآمد؛

(vi) صارف کی جانب سے موجودہ گیس تنصیبات میں کسی بڑی ترمیم، اضافہ یا توسیع بغیر کمپنی کی تحریری پیشگی اجازت کے؛

(II) کسی بھی وجہ سے اس معاہدے کے ختم ہونے کی صورت میں، کمپنی کی طرف سے گیس کی فراہمی یا/اور سروس کی فراہمی کے تمام دعوے، تاریخ منقطع گیس فراہمی تک، بلا کسی نوٹس کے فوری طور پر واجب الادا ہوں گے اور صارف کمپنی کے مطالبے پر انہیں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

(III) یہ معاہدہ منسوخ تصور کیا جائے گا اگر وہ شخص، جگہ یا/اور مقصد، جس کے لیے معاہدہ ہذا کی رو سے گیس فراہم کی جا رہی ہے، کسی دوسرے شخص، ادارہ یا فرم کو منتقل یا تفویض کر دیا جائے۔ اس منتقلی یا تفویض کی تاریخ سے کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ گیس فراہمی بند کر دے اور اپنے کسی بھی یا تمام سامان کو متعلقہ جگہ سے ہٹالے، الا یہ کہ متعلقہ جگہ کا نیا مالک / قابض کمپنی کے ساتھ ایک نیا معاہدہ کر لے۔

متعلقہ جگہ یا جائیداد کی منتقلی / تفویض کی صورت میں، صارف سیکیورٹی ڈپازٹ کو بھی منتقل کروا سکتا ہے، اور اس کے بعد یہ کمپنی کے پاس نئے قابض کے حق میں سیکیورٹی ڈپازٹ کے طور پر جمع تصور کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں نوٹس کے اجراء کو اس منتقلی کا کلی ثبوت تصور کیا جائے گا، اور اس کے بعد صارف کا کمپنی کے خلاف اس سیکیورٹی ڈپازٹ کے حوالے سے کوئی دعویٰ باقی نہ رہے گا۔

## 19۔گیس تنصیبات میں چھیڑ چھاڑ (TAMPERING OF GAS INSTALLATIONS)

اگر صارف کی جگہ پر نصب میٹر، ریگولیٹر، سروس پائپ یا دیگر تنصیبات کے ساتھ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی گئی ہو کہ صارف کو میٹر پر درج مقدار سے زیادہ گیس فراہم ہو جائے یا کمپنی کے مقرر کردہ پریشر (Pressure) سے زیادہ پریشر پر گیس حاصل کی گئی ہو، تو صارف کمپنی کی پالیسی برائے گیس چوری (جس کی اوگرا (OGRA) نے باقاعدہ منظوری دی ہے) کے مطابق کمپنی کو اپنی کھپت کے مساوی گیس چارجز ادا کرنے کا پابند ہوگا، جو کمپنی اس مدت کے لیے طے کرے گی۔

**20۔ دوبارہ بحالی (RECONNECTION)**

اگر کسی بھی وجہ سے صارف کی گیس فراہمی منقطع کر دی گئی ہو تو اس کی بحالی صرف اسی صورت میں جائے گی جب صارف کمپنی کے مقررہ معمول کے ری کنکشن چارجز ادا کرے گا اور اپنے تمام بقایا جات مکمل طور پر یا کمپنی اور صارف کے درمیان باہمی اتفاق رائے کے مطابق ادا کرے گا

**21۔ تنازعہ کا حل (DISPUTE RESOLUTION)**

کمپنی اور صارف کے مابین اس معاہدے سے پیدا ہونے والے یا اس سے متعلقہ کسی بھی اختلاف یا تنازعہ کی صورت میں، جو فریقین کے درمیان باہمی طور پر خوش اسلوبی سے حل نہ ہو سکے، اسے اوگرا آرڈیننس (OGRA ORDINANCE) 2002 کی دفعہ 6(2)(k) کے تحت اوگرا (OGRA) کے پاس حل کے لیے بھجوایا جائے گا۔

**22۔ دستخط شدہ گیس سپلائی کنٹریکٹ فارم کی عدم دستیابی**

اگر صارف کی جانب سے دستخط شدہ گیس سپلائی کنٹریکٹ فارم گم ہو جائے یا دستیاب نہ ہو تو اس صورت میں اوگرا سے منظور شدہ اور گیس فراہمی کے آغاز کی تاریخ پر رائج گیس سپلائی کنٹریکٹ کی معیاری شرائط و ضوابط لاگو ہوں گی۔

**23۔ شرائط و ضوابط کی توثیق**

اس معاہدے میں درج تمام شرائط و ضوابط صارف نے بغور پڑھ اور سمجھ لی ہیں، اور ان شرائط و ضوابط کی ایک نقل صارف کو فراہم کر دی گئی ہے اور صارف اس بات کا اقرار اور یقین دہانی کرتا ہے کہ وہ تمام شرائط و ضوابط کی پابندی کرے گا، جس کے اظہار کے طور پر صارف نے ذیل میں اپنے دستخط ثبت کیے ہیں۔

تاریخ: ____________________

دستخط صارف: ____________________

سوئی ______ گیس ______ لمیٹڈ کی جانب سے دستخط

(فارمینجنگ ڈائریکٹر)

گواہ شد ____________________

گواہ شد ____________________

نام بمعہ شناختی کارڈ نمبر ____________________

نام بمعہ شناختی کارڈ نمبر ____________________

**گیس کنکشن کی تنصیب کے لیے مکان مالک کی اجازت اور نادہندگی یا مکان خالی کیے جانے کی صورت میں واجبات کی ادائیگی کا تحریری اقرار نامہ**

میں/ہم (پورا نام ____________________) بطور مالک مکان، مذکورہ بالا صارف کے حوالے سے اور مذکورہ بالا جگہ کے سلسلے میں، اس امر پر نہ کسی قسم کا کوئی اعتراض رکھتا ہوں/رکھتے ہیں اور نہ ہی آئندہ کبھی کروں گا / کریں گے کہ مذکورہ جگہ میں ریگولیٹر کے آوٹ لیٹ سے، جو اس جگہ کو گیس کی فراہمی کے لیے نصب کیا گیا ہے وقتاً فوقتاً کوئی بھی گیس پائپنگ، فٹنگ، آلات یا لوازمات نصب کیے جائیں یا ہٹائے جائیں۔

میں/ہم اس بات کا عہد کرتا ہوں/ کرتے ہیں کہ اگر کرایہ دار مذکورہ جگہ خالی کرے تو بروقت کمپنی کو مطلع کروں گا / کریں گے۔ مزید یہ کہ میں/ہم اس امر کا بھی اقرار اور عہد کرتا ہوں/ کرتے ہیں کہ مکان خالی ہونے یا کرایہ دار کی نادہندگی کی صورت میں کمپنی کے تمام واجب الادا بقایا جات/چارجز کمپنی کے مطالبے پر ادا کروں گا/ کریں گے، گویا یہ رقم میری/ہماری ہی ذمہ داری ہے اور میری/ہماری طرف سے واجب الادا ہے۔